
# آنے والے وقت میں اگلی نسل کا تعلیمی معیار

**پاکستانیوں کی اکثریت اگلی نسل کے زیادہ تعلیم یافتہ ہونے کی توقع رکھتی ہے؛ مجموعی طور پر 59% افراداس حوالےسے پرامید ہیں، جبکہ نوجوان افراد 66% اور زیادہ تعلیم یافتہ افراد 61% میں یہ اعتماد نمایاں طور پر زیادہ ہے۔**

آپ کے خیال میں، اگلی نسل (جو حال ہی میں پیدا ہوئی ہے) درج ذیل معاملات میں آپ کے مقابلے میں بہتر ہوگی، بدتر ہوگی یا ویسے ہی رہے گی- تعلیمی معیار کے لحاظ سے؟






Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

سماجی رویے

## آنے والے وقت میں اگلی نسل (جو حال ہی میں پیدا ہوئی ہے) کا تعلیمی معیار

## پاکستانیوں کی اکثریت اگلی نسل کے زیادہ تعلیم یافتہ ہونے کی توقع رکھتی ہے؛ مجموعی طور پر 59% افراد اس حوالے سے پرامید ہیں، جبکہ نوجوان افراد (66%) اور زیادہ تعلیم یافتہ افراد (61%) میں یہ اعتماد نمایاں طور پر زیادہ ہے۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 16 جولائی 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت کی یہ توقع ہے کہ آنے والے وقت میں اگلی نسل (جو حال ہی میں پیدا ہوئی ہے) کی تعلیمی صورتحال اس نسل کے مقابلے میں بہتر ہوگی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں، اگلی نسل (جو حال ہی میں پیدا ہوئی ہے) درج ذیل معاملات میں آپ کے مقابلے میں بہتر ہوگی، بدتر ہوگی یا ویسے ہی رہے گی۔ تعلیمی معیار کے لحاظ سے؟ "**۔اس سوال کے جواب میں، 59% جوابدہندگان کے مطابق اگلی نسل (جو حال ہی میں پیدا ہوئی ہے) تعلیمی معیار کے لحاظ سے "بہتر" ہوگی، 24% جوابدہندگان کے مطابق "بدتر" ہوگی، 11% جوابدہندگان کے مطابق "ویسے ہی رہے گی"، 3% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے "معلوم نہیں"، تاہم 3% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

مجموعی طور پر، سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانیوں کی اکثریت اگلی نسل کے تعلیمی معیار کے مزید بہتر ہونے کے بارے میں پُرامید ہے، خصوصاً نوجوانوں اور زیادہ تعلیم یافتہ افراد یہ اعتماد نمایاں طور پر زیادہ ہے۔


**"آپ کے خیال میں، اگلی نسل (جو حال ہی میں پیدا ہوئی ہے) درج ذیل معاملات میں آپ کے مقابلے میں بہتر ہوگی، بدتر ہوگی یا ویسے ہی رہے گی۔ تعلیمی معیار کے لحاظ سے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 761 خواتین اور مرد حضرات سے 26 مارچ 2026 تا 01 اپریل 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** ایف اے یا اس سے زائد تعلیم یافتہ جوابدہندگان مستقبل میں تعلیمی معیار کے بہتر ہونے کے بارے میں سب سے زیادہ پُراعتماد ہیں۔ جن میں 61% افراد یہ توقع کرتے ہیں کہ اگلی نسل موجودہ نسل کے مقابلے میں زیادہ تعلیم یافتہ ہوگی، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح 58% رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** تعلیمی معیار مزید بہتر ہونے کی اُمید رکھنے والوں کی شرح 30 سال سے کم عمر نوجوانوں میں سب سے زیادہ پائی گئی، جن میں 66% افراد اگلی نسل کے تعلیمی نتائج بہتر ہونے کی توقع رکھتے ہیں۔ 30 سے 39 سال کی عمر کے افراد میں یہ توقع نسبتاً کم، یعنی 54% رہی، جبکہ 40 سے 49 سال کے افراد کی 60% شرح نے مثبت توقعات کا اظہار کیا۔ جبکہ 60 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد اس حوالے سے سب سے زیادہ محتاط نظر آئے، جن میں صرف 48% افراد نے بہتر تعلیمی نتائج کی توقع ظاہر کی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 16 July 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)